پریس ریلیز

آج مورخہ 02 اگست 2024 کو کنول کھوسٹ چیئر پرسن اور اصیل باقا ڈائریکٹر پروگرام OLOMOPOLO (این جی او) کی پراسیکیوٹر جنرل افس لاہور آمد۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ اور ڈائریکٹر HR احمد سعید سے ملاقات۔ OLOMOPOLO این جی او پاکستان میں انسانی حقوق اور سوشل لبرٹی پر کام کر رہی ہے۔ کنول کھوسٹ چیئر پرسن نے پاکستان میں خواتین پر گھریلو تشدد، بنیادی انسانی حقوق کی پامالی اور خواتین کو تحفظ و قانونی معاونت فراہم کرنے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ کنول کھوسٹ چیئر پرسن نے انسانی حقوق کی فراہمی کے لئے پراسیکیوٹر جنرل آفس کے ساتھ مل کر کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے کنول کھوسٹ چیئر پرسن OLOMOPOLO کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کے وژن کے مطابق میں نے پنجاب بھر کے پراسیکیوٹرز کو خواتین کے مقدمات کی پیروی اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے کرنے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ محکمہ پراسیکیوشن افسران انسانی حقوق کی فراہمی اور انصاف کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں اور ہمیشہ کرتے رہیں گے۔

از دفتر:

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

(انچارج میڈیا سیل)